© rasailojaraid.com

## مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز رہنما مولانا نعیم بٹ (خطیب گوجرانوالہ) کو صدمہ

مورخہ 9 مئی بروز سوموار مولانا نعیم بٹ (گوجرانوالہ) کی زوجہ محترمہ وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ گوجرانوالہ کے مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی۔ جس میں بڑی تعداد میں علمائے کرام اور جماعتی احباب نے شرکت کی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ اور صدر انجمن راجہ انار گل ایڈووکیٹ نے مرحومہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## جناب بشیر انصاری مدیر اعلیٰ ہفت روزہ ''اہل حدیث'' کو صدمہ

## اُن کے داماد محمد یوسف کا انتقال

مورخہ 6 اپریل بروز بدھ جناب بشیر انصاری کے داماد محمد یوسف چند دن علیل رہنے کے بعد 42 سال کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم دل کے عارضہ میں مبتلا تھے اور پنجاب کارڈیالوجی لاہور میں زیر علاج رہے۔

مرحوم انتہائی بااخلاق اور نیک انسان تھے۔ جہلم سے مرحوم کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ نے شرکت کی۔

## مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز رہنما اور معروف صحافی رانا محمد شفیق خاں پسروری کو صدمہ

28 مارچ بروز سوموار رانا محمد شفیق خاں پسروری نائب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی خوشدامن طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔

## سٹار بیکری کینٹ جہلم کا افتتاح

جہلم چھاؤنی کی مشہور سٹار بیکری کا انتظام وانصرام نئی انتظامیہ نے سنبھال لیا ہے اس کے نئے مالکان محمد عمر جاوید اور محمد خالد سلطان (ساہیوال) نے نئی آن وشان سے اسے شروع کیا ہے، جس کا افتتاح مورخہ 4 اپریل بروز سوموار کو رئیس الجامعہ نے کیا افتتاحی تقریب میں اسٹیشن کمانڈر اور آرمی کے دیگر بڑے افیسران کے علاوہ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ نے خطاب میں کہا کہ کاروبار کے اندر صدق وامانت کو ہر لحاظ سے ملحوظ خاطر رکھا جائے اور اسلامی تجارت کی برکات پر روشنی ڈالی اور آخر میں دعائے خیر کی۔ ازاں بعد شرکاء کی پرتکلف دعوت کی گئی۔

## سپاس تعزیت

ہماری والدہ محترمہ کی نماز جنازہ پر قائدین، علمائے کرام، شیوخ الحدیث اور دوست احباب کثیر تعداد میں تشریف لائے اور بعد میں کئی احباب نے گھر آکر بالمشافہ، ٹیلی فون، موبائل اور خطوط کے ذریعے اظہار تعزیت کیا اور ہمارے غم میں شریک ہوئے۔ یہ اتنی بڑی تعداد ہے کہ فرداً فرداً ان سب حضرات کا شکریہ ادا کرنے سے ہم قاصر ہیں۔ لہٰذا تحریر ہذا کے ذریعے ہم ان سب احباب کے بے حد شکر گزار ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر (0321-5407072)، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق (0321-5405919)، قاری عبدالرشید وحافظ عبدالرؤف



© rasailojaraid.com